© rasailojaraid.com



وفیضہ کو بھی یہ عقیدت منتقل ہوگئی اور الولد سر لابیہ کے مصداق حضرت شیخ کے علوم وسوانح کے گرویدگی میں انہوں نے مسلسل بارہ سال تک حضرت شیخ کے وابستگان اساتذہ، روحانی سلسلہ سے وابستہ مشائخ کے ہاں طویل اسفار سے رسائی حاصل کی جو کچھ بھی ملا اور سنا اسے جمع کیا اور اب نئے انداز میں اس مداد کی بتویب وتنقیح کر کے اسے ''تجلیاتِ غورغشتوی'' کے نام سے پیش کررہے ہیں۔ بے شک حضرت شیخ ہمارے علاقوں کے شاہ ولی اللہ تھے۔ لیکن لاکھوں پٹھانوں اور افغانوں کے طول طویل علاقوں میں یہ سعادت مولانا محمد قاسم صاحب کو مل رہی ہے کہ وہ پٹھانوں کی طرف سے اپنے وقت کے شاہ ولی اللہ کو تجلیات کی شکل میں خراج عقیدت پیش کررہے ہیں۔

اس عظیم علمی اور تاریخی کاوش پر ہم سب کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں ۔ یہ کتاب مکتبہ مولانا بجلی گھر لالہ زار کالونی لنڈی ارباب روڈ پشاور سے دستیاب ہے۔ (مبصر: شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق)

● **اسلام کا نظریہ صحت اور مرض**..................**محمد اسرار مدنی**

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ یہ انسانی زندگی کے تمام شعبوں سے متعلق اصولی ہدایات فراہم کرتا ہے۔ انسانی صحت اللہ کی طرف سے عظیم نعمت ہے۔ اس کی حفاظت اسلامی شریعت کے بنیادی مقاصد میں سے ہے۔

ادارہ مجلس تحقیقات اسلامی نے انسانی صحت کے متعلق زیر تبصرہ کتاب 'اسلام کا نظریہ صحت ومرض' مرتب کی ہے۔ اس میں انسانی صحت ،ماں کی ذمہ داریاں ، بچے کی صحت اور مریض کی فضیلت واہمیت کے بارے میں قرآن وسنت کی بنیادی تعلیمات کو سلیقے سے جمع کر دیا گیا ہے۔ آخری باب میں چند وبائی امراض کا تعارف، علامات ،طریقہ علاج اور اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ان سے بچاو کا ذکر ہے۔ ان امراض میں کینسر، ڈینگی بخار، شوگر، تشنج، خناق، ٹی بی، خسرہ، نمونیا، ایڈز، پولیو، گردن توڑ بخار اور یرقان شامل ہیں۔ سادہ اور آسان زبان میں صحت کے مسائل سے متعلق لکھی گئی اس کتاب کا مطالعہ ہر خاص وعام کیلئے یکساں مفید ہے۔

کتاب کے شروع میں حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب نے ایک زوردار تقریظ بھی لکھی ہے اور اس کے مرتب کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ طباعت ، کاغذ اور جلد میں بھی خوش ذوقی اور نفاست کا مظاہرہ کیا گیا ہے۔ امید ہے کہ صحت ومرض کے مسائل کے حوالے سے بیداری پیدا کرنے میں اسلامی تعلیمات پر مبنی یہ کتاب کلیدی کردار ادا کرے گی۔ (مبصر: مولانا اسلام حقانی)

(بقیہ تبصرہ کتب صفحہ ۶۵ پر)

© rasailojaraid.com